هوالشافی

سلسلہ تصانیف ماہر نمبر ۲

محافظ شباب

مجربات خصوصی

مصنفہ

عالیجناب فخر الاطبا حکیم محمود علی خاں صاحب ماہر

اکبر آبادی ثم دہلوی

مصنف۔ بیاض ماہر۔ (۲) اکسیر ماہر۔ (۳) تحفہ شباب۔ (۴) بقائے شباب

(۵) رسالہ چاء اور کافی۔ (۶) رسالہ دق اور سل۔ (۷) جوہر ماہر۔ (۸) رسالہ بواسیر۔

(۹) معاشرت افغانستان وغیرہ۔

اگست ۱۹۳۰ء

فہرست

حکیم علی ضیاء احمد

معنون

طبِ قدیم۔ جس کے کارناموں کے آفتاب عالم تاب کی شعاعوں سے طبی دنیا منور ہے۔
طبِ قدیم۔ جس کا سکہ طبی دنیا میں مقبول عام و خاص ہے۔
طبِ قدیم۔ کے مبارک نام پر اپنی اس ادنیٰ تصنیف کو معنون کرتا ہوں۔

تاکہ

طبِ قدیم۔ کی نورانی شعاعیں اس تصنیف کو طبی دنیا میں کھرے سکہ کی طرح مقبول بنائیں۔

حکیم علی ضیاء احمد

احقر
حکیم محمود علی خاں۔ ماہر اکبر آبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

آج کل انحطاط کا دور ہے۔ بدنصیبی سے جوانی کے ساتھ ہی بڑھاپا بھی آجاتا ہے بہت کم ایسے جوان ہونگے جن کو صحیح معنوں میں جوان کہا جا سکے۔

عنفوان شباب اور موت توام نظر آتے ہیں۔

دور حاضرہ میں عمر طبعی کا اوسط پچاس ساٹھ برس مانا جاتا ہے۔ اگر خوش نصیبی سے قدرت نے اس مدت میں کچھ اور اضافہ بھی کر دیا تو کیا ہوا۔ زندگی کا لطف صحت کے ساتھ ہے۔ اور صحت کا مدار اخلاط کے صحیح توازن پر۔ اگر عمر طبعی کے اوسط سے بھی کچھ زیادہ زندہ رہے اور بیماریوں میں مبتلا رہے تو ایسی زندگی سے موت بہتر ہے۔

خدا بھلا کرے اس دور ترقی کا جنے ضروریات زندگی کی ہر شے کو مصنوعی سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ گھی۔ دودھ۔ آٹا۔ ادویہ۔ جواہرات۔ ملبوسات وغیرہ۔ الغرض ہر شے مصنوعی۔ گویا زندگی مصنوعات کا ایک مجسمہ ہے۔ زندگی اور صحت کا بڑا دارومدار غذا اور دوا پر ہے۔ جب صحیح غذا میسر نہ آئے تو خون صالح کیونکر پیدا ہو سکتا ہے۔ اور جب خون کافی مقدار میں نہیں پیدا ہو سکتا تو مادہ تولید کی کمی سے بجائے نسل مختل ہے۔

تجربہ بتاتا ہے کہ اگر غذاؤں۔ اور دواؤں کی یہی حالت رہی تو کچھ عرصہ کے بعد قوائے انسانی گھٹتے گھٹتے ایک مضحکہ خیز شکل اختیار کر لینگے۔ بلکہ یہ کہا جائے تو کچھ بیجا نہ ہوگا کہ تنو مند اور قوی الجثہ مجسمے تصاویر اور بتوں کی شکل میں بجز عجائب خانوں اور خاندانی البموں (کتاب تصاویر) کے اور کہیں نظر نہیں آئینگے۔

ایک طبقہ ان خوش نصیب نوجوانوں کا ہے جن کو صحیح معنوں میں جوان رعنا کہا جا سکتا ہے

لیکن ان کی تعداد صرف ناظر کی آنکھوں پر شمار ہو سکتی ہے اور تعداد کی اس کمی کی وجہ سے ان کا عدم وجود برابر ہے۔

دوسرا طبقہ اُن نوجوانوں کا ہے جو اپنی بے اعتدالیوں کی بدولت اپنے ہاتھوں اپنی جوانی کو برباد کر لیتے ہیں۔ اور ہمیشہ کے لئے زندہ در گور ہو جاتے ہیں۔

تیسرا طبقہ شادی شدہ جوانوں کا ہے جو کثرت جماع کی بدولت سے صدہا مہلک امراض کا شکار بن کر قبل از وقت قبر کے گوشے کو آباد کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ بے پرواہی۔ مجبوری یا شرم کی وجہ سے معقول علاج بھی نہیں کرا سکتا۔

قوئے کا انحطاط۔ مادہ تولید کی کمی ایک دن رنگ لائیگی۔ بہت قریب ہے وہ زمانہ کہ جب تمہارے نسل انسانی کا مسئلہ نہایت اہم اور پیچیدہ ہو جائیگا۔

انسان کے جسم میں افضل ترین تین آلات باہیہ اور خصیہ ہیں چونکہ توالد و تناسل کا دارو مدار انہی پر ہے اور انکی صحت کا بقا اعضاء رئیسہ و شریفہ کی طاقت اور صحت پر مبنی ہے۔ اور اعضاء رئیسہ و شریفہ کی پرورش اور مادہ تولید کی فراوانی کیلئے خون صالح کافی مقدار میں ہونا چاہیے۔ خون پیدا کرنے کیلئے اعلیٰ اور مقوی غذاؤں اور دواؤں کی بھی ضرورت ہے۔

مگر ہماری بدقسمتی سے یہ دونوں چیزیں کمیاب بلکہ نایاب ہیں۔ غذا کے متعلق میں اوپر لکھ چکا ہوں مگر ادویہ کے متعلق صرف اس قدر بیان کرنا کافی ہوگا کہ اوّل تو اطباء کے بخل سے صحیح نسخے مشکل سے دستیاب ہوتے ہیں۔ اگر لالچ اور بخل کو بالائے طاق رکھکر کسی طبیب نے صحیح نسخہ بھی بتا دیا تو اس میں بعض دوائیں وقت طلب اور قیمتی ہوتی ہیں۔ جن کا ملنا اکثر دشوار ہوتا ہے۔

میں نے ان تمام باتوں کو مدنظر رکھکر اس کتاب میں آسان اور عام فہم نسخے جن کی لاگت

آسانی سے مہیا اور تیار ہو سکیں درج کئے ہیں۔

ہر انسان کا فرض ہے کہ وہ سال میں ایک مرتبہ ضرور اپنی صحت کا خیال مقدم رکھتے ہوئے ضرورت کے مطابق کوئی نہ کوئی دوا ضرور استعمال کرے۔ کیونکہ جسم خالق موجودات کی عطا کردہ مشین ہے۔ وہی مشین صحیح کام کر سکتی ہے جس کے تمام پرزے درست ہوں۔

مبارک ہیں وہ انسان اور اشرف المخلوق کہلائے جانے کے مستحق ہیں جو اپنی صحت اور طاقت کو نسل انسانی کی افزائش کیلئے بحال اور قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

لعنت کے قابل ہیں وہ انسان بلکہ ارذل المخلوق ہیں جو محض شہوت پرستی کیلئے قوائے شہوانی اور مادہ تولید جیسی نعمت غیر مترقبہ کو ضائع کرتے ہیں۔

میرا حقیقی مقصد اس کتابچے لکھنے سے صرف یہی ہے کہ بنی نوع انسان کے سلسلۂ توالد و تناسل میں بعض کمزوریوں اور نقائص کی وجہ سے جو کچھ خرابی اور کمی واقع ہو گئی ہو وہ پوری ہو سکے اور ہر سمجھدار شخص اپنی تکالیف کا کہ جسکی وجہ سے اسکی زندگی اور صحت برباد ہو رہی ہے اور آئندہ سلسلۂ نسل مفقود ہو رہا ہے اس کا مداوا کر سکے۔

بعض امراض جو کثرت جماع یا جماع کی بے قاعدگی سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً آتشک۔ سوزاک۔ وغیرہ ان کے دفعیہ کے لئے چند مجرب نسخے اس کتاب کے آخری باب میں درج کر دیئے گئے ہیں۔

خداوندا جو تیرا نیک اور مبارک بندہ نیک ارادوں کی تکمیل کیلئے اس کتاب کے نسخے استعمال کرے تو اپنی رحمت سے اسمیں تاثیر عطا فرما۔

خادم الناس

ماہر۔ اکبر آبادی

محافظِ شباب

مفردات

مقوی باہ ۔ مولد منی ۔ ممسک ۔ ملذذ ۔ دوائیں اور غذائیں

غذا

گوشت بھنا ہوا گرم مصالحوں کے ساتھ ۔ مچھلی بھنی ہوئی یا تلی ہوئی ۔ گوشت کبوتر ، تیتر ، لوا ، مرغ بھنا ہوا یا تلا ہوا ۔ بیضۂ مرغ کچا اور پکا ، نیم تلا ہوا یا بھنا ہوا ۔ دودھ ۔ پنیر ۔ گھی ، بالائی ۔ شہد ۔ چنے ۔ گیہوں ۔ شکر ۔

خشک میوے

پستہ ۔ چلغوزہ ۔ بادام ۔ اخروٹ ۔ خرما ۔ کھوپرہ ۔ چرونجی ۔ کشمش ۔ منقیٰ ۔ انجیر

ترمیوے

آم ۔ انگور ۔ انجیر ۔ انناس ۔ خربزہ ۔ سیب ۔ ناشپاتی ۔ تازہ خوبانی ۔ امرود ۔

ترکاریاں

ادرک ۔ آلو ۔ باقلا ۔ پیاز ۔ چقندر ۔ شلجم ۔ شکرقندی ۔ گاجر ۔ لوبیا ۔ مٹر ۔ سرسوں کا ساگ ۔ سوئے کا ساگ ۔ میتھی کا ساگ ۔

مقوی باہ دوائیں

اندرجو شیریں۔ السی۔ بوزیدان۔ بہمنین۔ بندق۔ تخم شلجم۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ تخم گاجر۔ تخم خشخاش۔ تخم قرطم۔ تج۔ ثعلب مصری۔ جرجیر۔ جوزبوا۔ جندبیدستر۔ جاوتری۔ حب الزلم۔ حب السمنہ۔ خرما۔ خولنجان۔ خبث الحدید۔ دارچینی۔ ریگ ماہی۔ زعفران۔ زرنباد۔ سونٹھ۔ سنبل کی جڑ۔ بیستاور۔ شقاقل۔ شقاقل مصری۔ شنگرف۔ عنبر۔ عاقرقرحا۔ قسط۔ کنجد۔ کرفس۔ لوبیا۔ مومیائی۔ مشک۔ مصطگی رومی۔ مغاث۔ موم۔ موتی۔ بھنگ۔ ہلیون۔

ممسک دوائیں

اجوائن خراسانی۔ افیون۔ برگ دہتورہ۔ برگ پانا چونی۔ تخم دہتورہ۔ جوزبوا۔ جاوتری۔ چرس۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ زعفران۔ سنکھیا۔ شنجرف۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ کافور۔ مصطگی رومی۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سفید۔ مقل۔ مشک۔

ملذذ دوائیں

جماع میں لذت پیدا کرنے والی ادویہ

بیر بہوٹی۔ پنجال کبوتر صحرائی۔ پارہ۔ دارچینی۔ زنجبیل۔ سہاگہ۔ عطر ناگ کیسر۔ عطر موتیا۔ عاقرقرحا۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ کبابہ۔ مشک۔

مادہ تولید پیدا کرنے والی غذائیں اور دوائیں

اندر جو شیریں ۔ السی ۔ اشنہ ۔ بہمن سرخ ۔ بہمن سفید ۔ بادام
بوزیدان ۔ پستہ ۔ تخم پیاز ۔ تخم قرطم ۔ تخم گندنا ۔ تخم گاجر
تودری ۔ حب الزلم ۔ زنجبیل ۔ زعفران ۔ شقاقل مصری
ثعلب مصری ۔ سورنجان شیریں ۔ مشک ۔ نارجیل
شیر شتر ۔ شیر مادہ گاؤ ۔ شیر میش ۔ مکھن
بالائی ۔ لحم مرغ ۔ لحم طیور ۔ گیہوں ۔ چنا ۔
گھیو ۔



مرکبات

اطریفل

سرعت انزال کو اچھا کرتا ہے ۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے ۔ کمر کے درد کو آرام کرتا ہے ۔ محرک باہ ہے ۔ ھو‌ا‌لشافی پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ ۔ پوست بلیلہ ۷ ماشہ ۔ آملہ خشک ۷ ماشہ ہلیلہ سیاہ ۷ ماشہ ۔ گشنیز خشک ۱۲ ماشہ ۔ کشمش ۳ تولہ ۔ نبات سفید دو چند کے قوام میں اطریفل تیار کر کے روغن بادام ۶ ماشہ ملا دیں ۔ ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں ۔

اطریفل

مقوی باہ ہے ۔ مادہ تولید پیدا کرتا ہے ۔ مقوی دماغ و معدہ ہے ۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے ۔ ھو‌ا‌لشافی پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ ۔ آملہ خشک ۲ تولہ ۔ بالچھڑ ۷ ماشہ دار چینی ۷ ماشہ ۔ پیپل ۷ ماشہ ۔ زنجبیل ۷ ماشہ ۔ خولنجان ۷ ماشہ ۔ سلیخہ ۷ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۷ ماشہ ۔ دانہ الائچی کلاں ۷ ماشہ ۔ اندر جو شیریں ۷ ماشہ ۔ مغناطل مصری ۷ ماشہ بہمن سفید ۷ ماشہ ۔ بہمن سرخ ۷ ماشہ ۔ قرنفل ۷ ماشہ ۔ گوگل ۷ ماشہ ۔ مغز بادام شیریں مغز تخم کنجد مقشر ۱۰ ماشہ ۔ تخم خشخاش سفید ۱۰ ماشہ ۔ قند سفید ۹ تولہ ۔ سب کو کوٹ چھان کر روغن بادام ۲ تولہ سے چکنا کر کے شہد خالص کف گرفتہ سہ چند میں ملا کر اطریفل تیار کریں ۔ پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں ۔

بندقہ

مقوی باہ ہے۔ جماع کے قبل اس کے استعمال سے خفیف امساک بھی ہوتا ہے۔ جماع کی ماندگی اور کمزوری بھی محسوس نہیں ہوتی۔ ص = اسپند سوختنی نصف بریاں نصف خام ۱۱ ماشہ۔ کوکنار ۱۱ ماشہ۔ کنجد سیاہ ۱۱ ماشہ۔ قند سیاہ پانچ تولہ کوٹ چھانکر قند سیاہ میں ملاکر خوب کوٹنا چاہیئے جب شل معجون کے ہوجائے تو اس کے سات حصے بنالیں ایک حصہ دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

پٹی

گشت زنی کی وجہ سے جو کچھ خرابی واقع ہو گئی ہو اس کو آرام کرتی ہے۔ اعضائے تناسل میں سختی پیدا کرتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے۔ ص = باریک کپڑے کو اول شیر مدار میں خوب تر کریں اور پھر گندھک آملہ سار چھ ماشہ۔ کھوپڑی سفید چھ ماشہ سہاگہ چھ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ چھ ماشہ۔ سنکھیا سفید ایک ماشہ۔ ہڑتال طبقی ۱ ماشہ خوب باریک پیسکر پانچ تولہ گائے کے گھی میں ملاکر کپڑے پر جسکو پہلے سے شیر مدار میں تر کر کے رکھا ہے لیپ کردیں۔ اور عضو تناسل کے ناپ کے مطابق کپڑا اتراش کر تین یوم تک عضو تناسل پر ملفوف رکھیں۔

پٹی

جلوق کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ ص = سیماب ۲ تولہ۔ عقرقرحا ۲ تولہ۔ خسرودارو دو تولہ

سو غن گاؤ تولہ ۔عسل خالص تولہ ۔ان دواؤں کو دس گھنٹے تک برابر خوب کھرل کر کے شیشی میں رکھکر چند ٹکڑے کپڑوں کے اس میں ڈالدیں ضرورت کے وقت ایک ٹکڑا کپڑے کا لیکر قضیب پر ملفوف کر کے بنگلہ پان باندھ دیں۔

پٹی

اعلیٰ درجہ کی محرک باہ ہے۔ اس کے استعمال سے فوراً باہ پیدا ہوتی ہے ۔جس ۔ سیماب چار ماشہ ۔شہد خالص سات ماشہ خوب کھرل کر کے ایک کپڑے پر لیپ کر کے قضیب پر ملفوف کریں۔ جب تندی شروع ہو جائے علیحدہ کر دیں اور مشغول ہوں۔

حب (گولی)

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے ۔ دودھ۔ گھی ہضم کر کے خون پیدا کرتی ہے ص ۔ سنکھیا سفید ایک ماشہ ۔کشتہ سفید ایک تولہ ۔مصطگی رومی ایک تولہ گلاب کے عرق میں اچھی طرح سے کھرل کر کے جوار کے دانے سے ذرا چھوٹی گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حب

اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے۔ ص ۔ سنکھیا سفید ایک ماشہ۔ مشک خالص تین ماشہ کشتہ سفید نو ماشہ ۔مرداریہ ناسفتہ دو ماشہ ۔ ورق طلا بیس عدد۔ ادرک کے آدھ پاؤ عرق میں کھرل کر کے مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک مناسب

بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

حَب

مقوی باہ ہے۔ ھو: شنگرف رومی چھ ماشہ۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ ہڑتال طبقی چھ ماشہ ان تینوں دواؤں کو عرق لیموں پانچ تولہ۔ اور آب ادرک پانچ تولہ میں خوب کھرل کرکے جوار کے دانے سے ذرا چھوٹی گولیاں بنا کر ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

حَب

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ ھو: مصطگی رومی ایک تولہ۔ ہیرا ہینگ دو تولہ ست نوبان چھ ماشہ۔ جند صل دنتی چار تولہ۔ سب کو خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے تین گولی تک کھلائیں۔

حَب

مقوی باہ ہے۔ ھو: سنکھیا سفید ایک تولہ۔ کشتہ سفید تین تولہ۔ شک خاص ایک ماشہ خوب کھرل کرکے پانی یا عرق گلاب کے ہمراہ باجرے سے ذرا بڑی گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ گھی دودھ کافی مقدار میں استعمال کریں۔

حَب

مقوی باہ ہے۔ ھو: کشتہ سفید نو ماشہ۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ مغز گھیگوار تین تولہ میں کھرل کرکے موٹھ کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی روزانہ دودھ کے ہمراہ کھلائیں

حب

مقوی باہ ہے۔ ص۔ شقاقل مصری ایک تولہ۔ خرما منتشر ایک تولہ۔ تخم پیاز ایک تولہ۔ کندر ایک تولہ۔ مغز سر گنجشک نر ایک تولہ۔ کوٹ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔ سر گنجشک کو روغن بادام میں بریاں کرنا چاہیے۔

حب

قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ ص۔ فلفل دراز چھ ماشہ۔ دارچینی چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ جوتری چھ ماشہ۔ عاقر قرحا چھ ماشہ۔ جوز بویہ چھ ماشہ۔ بسباسہ چھ ماشہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ مصطگی رومی چھ ماشہ۔ موصلی سفید چھ ماشہ۔ موصلی سیاہ چھ ماشہ۔ ان سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد خالص بقدر ضرورت ملا کر جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حب

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ ص۔ کشتہ فولاد تین ماشہ۔ ست سلاجیت تین ماشہ۔ کچلہ مدبر ۳ ماشہ۔ صندل سفید تین ماشہ۔ جدوار خطائی تین ماشہ۔ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ گلاب اور کیوڑے کے عرق میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

ہدایت: جس دوا میں سنکھیا۔ شنگرف۔ ہڑتال۔ پارہ۔ یا کشتے ہوں اس کے استعمال کے زمانہ میں گھی دودھ وغیرہ زیادہ استعمال کرنا چاہیے۔

حَب

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ جماع سے فارغ ہو کر اگر اس گولی کو کھائیں تو قوت ذائل شدہ پھر عود کر آتی ہے۔ ھو: چوبہ عود غرقی ۱۰ ماشہ۔ مصطگی رومی ۴ ماشہ۔ تخم بادنجان ہر آٹھ کوٹ پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ ھو: گندھک آملہ سار آٹھ ماشہ۔ پارہ مصفیٰ آٹھ ماشہ۔ کشتہ آٹھ ماشہ۔ قرنفل آٹھ ماشہ۔ گندھک اور پارہ کو پہلے خوب کھرل کریں بعد دوسری دواؤں کو باریک پیسکر ملادیں اور زردی بیضۂ مرغ میں خوب کھرل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

مقوی باہ اور ممسک ہے۔ رقت اور سرعت منی کو فائدہ کرتی ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ نشیلی اور زہریلی ادویات سے بالکل پاک ہے۔ ھو: مصطگی رومی چھ ماشہ۔ ثعلب مصری چھ ماشہ۔ صمغ عربی چھ ماشہ۔ موصلی سفید چھ ماشہ۔ موچرس چھ ماشہ۔ مغز تخم تمر ہندی چھ ماشہ۔ اقاقیا چھ ماشہ۔ موسیائی معدنی اصلی ۳ ماشہ۔ ادویات کو کوٹ چھان کر پانچ تولہ برگد کے دودھ میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حب

باہ کو قوی کرتی اور امساک پیدا کرتی ہے۔ ص: قرنفل چھ ماشہ۔ مصطگی رومی چھ ماشہ تودری زرد چھ ماشہ۔ تودری سرخ چھ ماشہ۔ سورنجان شیریں چھ ماشہ۔ کزمازج چھ ماشہ۔ گلسرخ چھ ماشہ۔ ساذج ہندی چھ ماشہ۔ سنبل الطیب چھ ماشہ۔ سعد کوفی چھ ماشہ۔ بسباسہ چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد چھ ماشہ۔ جوزبوا چھ ماشہ۔ بذرالبنج ۱ تولہ۔ انیسوں چھ ماشہ۔ شقاقل مصری چھ ماشہ۔ ثعلب مصری چھ ماشہ۔ دارچینی چھ ماشہ۔ عودغرقی چھ ماشہ طباشیر چھ ماشہ۔ پوست خشخاش ۱ تولہ۔ تخم خشخاش چھ ماشہ۔ زعفران چھ ماشہ۔ کوٹ چھانکر ایک چھٹانک قند سفید کا عرق گلاب میں قوام بنا۔ اس میں ملاکر جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حب

باہ کو طاقت دیتی اور جریان منی کو اچھا کرتی ہے۔ ص: کشتہ فولاد تین ماشہ کشتہ نقرہ تین ماشہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ کشتہ سہ دھاتہ تین ماشہ۔ کشتہ عقیق سرخ تین ماشہ کشتہ ہڑتال گودنتی تین ماشہ۔ کشتہ مرجان تین ماشہ۔ کشتہ زہب سبز تین ماشہ۔ گندھک آملہ سار کافور تین ماشہ۔ جائفل چھ ماشہ۔ جاوتری چھ ماشہ۔ قرنفل چھ ماشہ۔ ست سلاجیت ۱۰ ماشہ ورق طلا ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۱۰ ماشہ۔ مشک خالص ۱۰ ماشہ۔ کوٹ پیسکر گلاب اور کیوڑی کے عرق میں کھرل کرکے چنے سے چھوٹی گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

اطلاع ۔ کتاب اکسیر ابرہیم یا ہر قسم کے کشتے تیار کرنے کی ترکیبیں موجود ہیں۔ انیجر دواخانہ ماہر سے طلب کریں

حَب

مقوی باہ۔ دافع جریان منی۔ رافع سرعت انزال۔ ص۔ مرجان قرمزی ہوا ماشہ۔ بسد احمر تین ماشہ۔ کہربائے شمعی تین ماشہ۔ طباشیر کبود تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ زیب سبز تین ماشہ۔ صدف صادق سوختہ تین ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی تین ماشہ۔ عرق بید مشک۔ شار میں خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے تین گولی تک کھلائیں۔

حَب

اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے۔ ص۔ سم الفار سفید چار تولہ کو ریشمی کپڑے میں پوٹلی باندھ کر بھورے رنگ کی بھینس کا چار سیر گوبر پانی میں گھول دیں اس میں پوٹلی مذکور کو چار گھنٹہ تک بیر کی لکڑی کی آگ پر پکائیں۔ اس کے بعد سرخ رنگ کی گائے کے دودھ چار سیر میں چار گھنٹے تک بیر کی لکڑی کی آگ پر پکائیں۔ بعد ازاں اس سم الفار مصفیٰ قرنفل چار تولہ۔ مرچ سفید چار تولہ۔ دانہ الائچی کلاں چار تولہ۔ پیپل خورد چار تولہ کوٹ چھانکر ملا کر پانچ سیر ادرک کا عرق ڈال کر خوب کھرل کریں جب عرق جذب ہو جائے تو دانہ ماش کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی کھلائیں۔ گھی دودھ کا استعمال زیادہ کریں۔

حَب

مقوی باہ اور ممسک ہے۔ ص۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ آٹھ ماشہ۔ پارہ مصفیٰ چھ ماشہ کو خوب کھرل کر کے بعدہٗ مفصلہ ذیل ادویہ ملا کر سرسوں کی بجائے مرغ تین عدد میں خوب کھرل کریں

چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی روزانہ کھلائیں۔ دانہ الائچی کلاں تین ماشہ۔ کشتہ سرب اکسیر آٹھ ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ قرنفل اکسیر آٹھ ماشہ۔ شہد خالص ۲ تولہ

حَب

مقوی باہ ہے۔ امساک پیدا کرتی ہے۔ ھو صدف صادق کا چونہ ۲ سیر کو پانی میں گھول لیں اور گندھک آملہ سار ۲ چھٹانک کی پوٹلی باندھ کر ڈال دیں گندھک حل ہو کر پانی کے اوپر سرخی مائل نیچے آ جائیگی اس کو نکال کر علیحدہ رکھ لیں۔ شنگرف رومی ۴ تولہ سے پارہ اس طرح حاصل کریں کہ دھتورہ کے عرق میں کھرل کر کے بذریعہ پاتال جنتر پارہ نکال لیں اور پکا سرخ رنگ کا محلول جو گندھک سے حاصل ہوا ہے اور پارہ جو کہ شنگرف سے نکالا گیا ہے ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعد عاقر قرحا ۵ ماشہ۔ جاوتری ۵ ماشہ۔ شقاقل مصری ۵ ماشہ۔ ثعلب مصری ۵ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ قرنفل ۵ ماشہ۔ دارچینی ۵ ماشہ۔ تودری زرد ۵ ماشہ۔ افیون ۵ ماشہ۔ ملا کر پان کے رس میں اسقدر کھرل کریں کہ سب خوب حل ہو جائیں۔ مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ رقت منی۔ سرعت انزال کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ ھو گوگل ایک چھٹانک کو سوا سیر پانی میں اس قدر پکائیں کہ پانی آدھ پاؤ رہ جائے سلاجیت ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۵ ماشہ۔ طباشیر ۵ ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو چنے سے بڑی گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک

صبح شام کھلائیں۔ اگر موسم گرما میں تیار کریں تو پہلے گوکھرو خورد کو پانی میں جوش کر کے صاف کر کے پانی کام میں لائیں۔

حَب

امساک پیدا کرتی ہے۔ ص: شنگرف رومی ۲ تولہ۔ خولنجان ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ افیون ۲ تولہ۔ تخم ریحاں ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر ادرک کے عرق آدھ پاؤ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

امساک پیدا کرتی ہے۔ اور محرک باہ ہے۔ ص: دارچینی ۲ ماشہ۔ عاقرقرحا ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ جوز بوا ۲ ماشہ۔ مویز ج کوہی ۲ ماشہ۔ افیون ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ مشک خالص ۴ رتی۔ مغز سر کنجشک خانگی یک عدد کو روغن بادام میں تل کر ان دواؤں کو ملا کر کھرل کر کے شہد کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے ۲ گولی تک کھلائیں۔

حَب

امساک پیدا کرتی ہے۔ ص: جائفل ۲ ماشہ۔ بسباسہ ۲ ماشہ۔ اسپند سوختنی ۲ ماشہ برگ بھنگ ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ ان دواؤں کو عرق برگ دھتورہ میں حل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حب

امساک کرتی ہے۔ ھو: جائفل ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ لونگ ۳ ماشہ۔ اسپند ۲ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ناگ کیسر ۲ ماشہ موچرس ۳ ماشہ۔ تج ۳ ماشہ۔ گوگل ۳ ماشہ۔ چھالیہ ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھان کر اسپغول کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے تین گولی تک کھلائیں۔

حب

اعلیٰ درجہ کی ممسک اور مبہی ہے۔ ھو: سم الفار سفید ۱ ماشہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ تخم دھتورہ ۱ ماشہ۔ خرما ۱۰ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ عودسک ۲ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ کوٹ چھان کر شہد کے ہمراہ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے ۲ گولی تک کھلائیں۔

حب

امساک کرتی ہے۔ ھو: افیون ۲ ماشہ۔ اسپند سوختنی بریاں ۲ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ کوٹ چھان کر عرق ادرک میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے تین گولی تک کھلائیں۔

حَب

امساک کرتی ہے۔ ھص: تخم د بریاں مقشر ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ کوٹ پیس کر شیر درخت انجیر میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

امساک کرتی ہے۔ ھص: جوز بوا ۲ ماشہ۔ مالکنگنی ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ بذرالبنج ۲ ماشہ۔ اسپند سوختنی بریاں ۲ ماشہ۔ برگ قنب بریاں ۲ ماشہ۔ کوٹ پیس کر شہد کے ہمراہ چنے سے بڑی گولیاں بنا کر ایک گولی کھلائیں۔

حَب

بے حد ممسک ہے۔ ھص: ریگ ماہی ۴ ماشہ۔ شنگرف ۴ ماشہ۔ مازو ۴ ماشہ۔ قرنفل ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ کوٹ پیس کر عرق گلاب کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب

امساک کرتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔ ھص: شنجرف رومی ۲ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ عاقرقرحا ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر شہد کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حب

ممسک بسرعت زنی ھو = عود غرقی ۱۰ ماشہ۔ کباب چینی ۱۰ ماشہ۔ قرنفل ۱۰ ماشہ قرفہ ۱۰ ماشہ۔ فلفل سفید ۱۰ ماشہ۔ تخم بالنگو ۷ ماشہ۔ تخم بابونہ ۲۰ ماشہ۔ دار فلفل ۲۰ ماشہ مروارید ناسفتہ ۲۰ ماشہ۔ زعفران ۱۲ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ۔ چرس ۱ تولہ۔ کوٹ پیس کر عرق گلاب میں قند کا قوام پکا کر ملا کر حل کریں۔ چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے ۲ گولی تک کھلائیں

حب

ملذذ جماع میں لذت پیدا کرتی ہے ھو = سہاگہ چوکیا ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ ماشہ عاقرقرحا گجراتی ۱ ماشہ۔ کوٹ پیس کر عطر کیوڑہ ۳ ماشہ ڈال کر خوب کھرل کریں اور بقدر ضرورت شہد ملا کر چنے سے بڑی گولیاں بنا کر وقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں حل کر کے عضو تناسل پر طلا کریں۔

حب

ملذذ لذت جماع کیلئے عجیب گولی ہے ھو = زبان زاغ۔ بیربہوٹی۔ چوکیا سہاگہ۔ عاقرقرحا۔ کشتہ سفید۔ کافور۔ یہ سب دوائیں کوے کی زبان کے ہموزن لیکر اگر ممکن ہو تو شراب دو آتشہ میں کھرل کریں ورنہ عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی لعاب دہن میں حل کر کے طلا کریں۔

حَب

ملذذ ہے : ص : قرنفل ا ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ دارچینی ا ماشہ۔ عاقرقرحا ا ماشہ۔ مشک ۱ رتی۔ باریک پیکر شہد میں ملاکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی لعاب دہن میں حل کرکے طلا کریں۔

حَب

طرفین کے لئے ملذذ ہے : ص : دارچینی۔ عاقرقرحا۔ کبابہ۔ مویز ۳ کوہی ہموزن کوٹ پیکر شہد میں ملاکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی لعاب دہن میں حل کرکے طلا کریں۔

حَب

ملذذ عجیب وغریب : ص : سفیدی پنجال کبوتر صحرائی۔ موئے سر زنان نوشتہ ہموزن لیکر آب حارہ زاغ۔ آب حارہ مرغ میں حل کرکے حب بناکر ضرورت کے وقت لعاب دہن میں حل کرکے طلا کریں۔

حَب

یہ گولیاں بطور طلا کے استعمال کی جاتی ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہیں۔ زیادہ استعمال کرنے سے درازی بھی پیدا کرتی ہیں : ص : سیہی جانور کا گوشت ا تولہ۔ مغز سر گنجشک نر ا عدد۔ گرگٹ کا خون نمبر ۱۰ قطرے۔ مستی فیل ا تولہ۔ چربی سانڈہ ا تولہ

پیسکر گولیاں بناکر ضرورت کے وقت حل کرکے سرسیون چھوڑ کر طلا کرکے پان گرم کرکے باندھیں

حب

مجلوق کے لئے بے حد مفید = ص = مغز جمال گوٹہ ۳ تولہ ۔ حلتیت اعلیٰ قسم ۱ تولہ ادرک کے عرق میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر رکھ لیں ایک گولی نرکچرے کے پتے کے پانی میں کھرل کرکے سرسیون بچاکر طلا کریں اوپر سے بنگلہ پان گرم کرکے باندھیں ۔

حب

یہ گولیاں بطور طلا استعمال کی جاتی ہیں ۔ مقوی باہ ہیں ۔ جلق کی وجہ سے جو کچھ خرابی ہوگئی ہو اس کو دور کرتی ہیں = ص = پوست بیخ آکہ ۱ تولہ ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۱ تولہ بیربہوٹی عاقرقرحا ۱ تولہ ۔ قرنفل ۱ تولہ ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ کوٹ پیسکر آب دھتورہ میں خوب کھرل کرکے جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بناکر ضرورت کے وقت ایک گولی آب برگ دھتورہ یا برگ تنبول کے عرق میں حل کرکے طلا کریں اور اوپر سے بنگلہ پان گرم کرکے باندھیں ۔

حلوا

دافع جریان منی ۔ مادہ تولید پیدا کرنا اور مقوی باہ ہے = ص = سبوس اسپغول ۲ تولہ طباشیر سفید ۲ تولہ ۔ دانہ الائچی سفید ۲ تولہ مغز نعل ۲ تولہ ۔ موصلی سنبھل ۲ تولہ ۔ خراطین خشک ۲ تولہ ثعلب مصری ۲ تولہ ۔ روغن زرد ایک سیر شکر سفید ایک سیر ۔ زردی بیضہ مرغ ۳۲ عدد ۔ بطریق معروف حلوا بناکر ایک تولہ سے دو تولہ تک ہمراہ دودھ کھلائیں ۔

حلوا

قوت باہ اور مادہ تولید پیدا کرتا ہے۔ جریان کو آرام کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔
ص = کشنیز خشک بریاں ۔ تار۔ گندم سرخ بریاں ۔ تار۔ خشخاش سفید ۵ تار۔ انجیر زرد ۵ تار
کشمش ۱۰ تار۔ مغز بادام مقشر ۱۰ تار۔ پستہ ۱۰ تار۔ خرما خستہ دور کردہ ۱۰ تار۔
زعفران ۲ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۲ تولہ۔ شیر مادہ گاؤ ۵ تار۔ شکر سفید ۵ تار۔ روغن زرد ۵ سیر
حلوا تیار کر کے ایک تولہ سے تین تولہ تک کھلائیں۔

خمیرہ

مقوی باہ اور اعضاء رئیسہ ہے۔ ص = مغز بادام ۱۰ تولہ کا پانی میں شیرہ نکال کر
نبات سفید ایک سیر کے قوام میں پکائیں جب قوام گاڑھا ہو جائے تو زردی بیضہ مرغ
دس عدد ابال کر قوام میں ملا کر حل کر دیں چولہے سے نیچے اتار کر کشتہ مرجان ۲ ماشہ
کشتہ عقیق ۲ ماشہ۔ کشتہ مروارید ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد ملا کر
چینی یا شیشے کے برتن میں رکھیں مقدار خوراک ایک تولہ تک۔

دوا

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ ص = نیولے کا گوشت (ایک مشہور جانور ہے)۔
خشک کر کے کوٹ پیس کر باریک چھان کر سفوف بنا کر چار رتی سے دو ماشہ تک دودھ
یا پانی کے ہمراہ صبح شام کھلائیں۔

دوا

قوت باہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ عجیب وغریب نسخہ ہے: ص: لبن اسد ۲ تولہ۔ لبن میش ۴ تولہ۔ لبن گاؤمیش ۴ تولہ۔ لبن بز ۴ تولہ۔ لبن گاؤ ۴ تولہ۔ نرم آگ پر پکائیں اور تین ماشہ سنکھیا سفید باریک پیسکر آہستہ آہستہ چھڑکتے جائیں۔ جب کھویہ بن جائے تو اتار کر چینی یا شیشے کے برتن میں تین سال تک پڑا رہنے دیں۔ تین سال کے بعد دو چاول سے چار چاول تک بالائی یا مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

دوا

مقوی باہ ہے۔ جریان منی کو دور کرتی ہے۔ نئے پرانے سوزاک کو اچھا کرتی ہے۔ ص: قلعی ١ تولہ۔ سیماب ١ تولہ کو چلیبہ کر کے دانہ الائچی خورد ١ تولہ۔ ورق نقرہ ٦ ماشہ۔ کھریا خوت ١ تولہ۔ پاہ گجراتی بریاں ٦ ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں ایک رتی سے دو رتی تک منقیٰ یا بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں۔

دوا

امساک کرتی ہے: ص: اجوائن نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ موٹھ کی جڑ نیم کوفتہ ۲ تولہ۔ مویز منقیٰ ١٥ عدد۔ کو ایک سیر پانی ڈال کر نرم آگ پر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے تو منقٰے کو احتیاط سے رکھیں اور ضرورت کے وقت ایک منقے سے چار منقیٰ تک کھلائیں۔

دوا

باہ کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ ھو: پھٹکری ۲ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ جواکھار ۲ ماشہ۔ ست لوہان ۲ ماشہ۔ کسیس سرخ ۲ ماشہ۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ۔ نمک چوڑی ۲ ماشہ۔ گیرو ۲ ماشہ۔ خوب کھرل کر کے شیشی میں رکھیں ایک رتی سے دو رتی تک بالائی میں کھلائیں۔

دوا

مقوی باہ: ھو: پیاز ۱۰ تولہ باریک تراش کر شہد خالص ۱۰ تولہ میں ملا کر نرم آگ پر پکا کر کھلائیں۔

دوا

مقوی باہ: ھو: بیج کنگنی ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر ۲ ماشہ سے شروع کریں ہر روز ایک ایک ماشہ اضافہ کر کے ایک تولہ تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا

مقوی باہ ممسک: ھو: مغز پستہ ۲ عدد۔ مغز بادام مقشر ۲ عدد۔ مغز چلغوزہ ۲ عدد جائفل ۲ عدد۔ جوتری ۱ ماشہ۔ زعفران ۲ رتی۔ طلب کنجشک نر خانگی ۲ عدد۔ مشک ۲ سرخ افیون ۲ ماشہ کوٹ پیس کر چار حصے بنا کر ایک حصہ روز دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا

مقوی باہ حب = شنگرف رومی ۱۲ ماشہ ۔ پوست بیضہ مرغ ۱۲ ماشہ ۔ موصلی سیاہ ۲ ماشہ کھرل کرکے ایک مٹی کی ہانڈی میں بند اور گلحکمت کرکے آٹھ سیر اپلوں میں رکھکر پھونک دیں سرد ہونے پر نکال کر نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن یا بالائی میں کھلائیں ۔

دوا

مقوی باہ حب = ہد ہد کا دل خشک کرکے سفوف بناکر ہموزن مصری ملاکر کھلائیں

دوا

مقوی باہ حب = برگ شاخ و گل رتن جوت سایہ میں خشک کرکے ۔ سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں ۔

دوا

مقوی باہ حب = کرم مخملی ایک عدد پان میں رکھکر کھلا دیں ۔

دوا

ملذذ حب = مغز تخم ریٹھہ کو شہد میں حل کرکے طلا کریں ۔

دوا

مقوی باہ حب = برگ منڈی اور ناگر سفید ہموزن کوٹ چھانکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دودھ سے کھلائیں ۔

روغن

عضو تناسل پر مالش سے باہ کو طاقت دیتا ہے۔ ھو: شیر عشر ۲ تولہ۔ روغن زرد ۱۰ تولہ۔ دونوں کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں کہ دودھ جل کر صرف روغن باقی رہ جائے۔ میٹھا تیلیہ ۱ ماشہ۔ سنکھیا سفید ۱ ماشہ۔ خراطین خشک ۱ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۱ ماشہ۔ پیس کر روغن میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ وقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

روغن

اس کی مالش سے اعضائے تناسل کے پٹھے درست ہو جاتے ہیں۔ جلق کی وجہ سے عضو میں جو کچھ خرابی اور کجی پیدا ہو گئی ہو وہ ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ھو: پیہ گردہ شیر ۲ تولہ۔ پیہ بط ۲ تولہ۔ مغز ساق گاؤ ۲ تولہ۔ روغن گل ۴ تولہ۔ روغن بابونہ ۵ تولہ۔ زفت [illegible] مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ کوٹنے اور پیسنے کی دوائیں پیس کر روغن اور چربیوں کو پسی ہوئی دواؤں میں ملا کر خوب حل کر کے نیم گرم عضو تناسل پر مالش کریں۔

روغن

مقوی باہ اور ملذذ ہے۔ ھو: قضیب خر ۶ ماشہ۔ گھونگچی سفید ۲ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۲ ماشہ۔ عطر گلاب ۲ ماشہ۔ کافور ۴ ماشہ۔ دارچینی ۴ ماشہ۔ سم الفار ۴ ماشہ۔ عاقر قرحا ۴ ماشہ۔ خراطین ۲ ماشہ۔ قرنفل ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ کوٹ پیس کر شیر مرغیا میں ملا کر آتشی شیشی کے ذریعے روغن کشید کر کے ۲ قطرہ سے ۴ قطروں تک سرد کر کے جماع [illegible]

روغن

امساک کا عجیب وغریب تیل ہے۔ ھو: تخم دھتورہ سیاہ ۵ تولہ۔ گھونگچی سفید ۵ تولہ۔ دونوں کو جوکوب کرکے آتشی شیشی کے ذریعے روغن کشید کرلیں جماع سے ایک ساعت پہلے تھوڑا سا پیروں کے تلووں پر مالش کرلیں۔

سفوف

قوت باہ اور منی پیدا کرتا ہے۔ ھو: پوست بیخ اونٹ کٹارا ۲ تولہ۔ پوست بیخ سنگھاہولی ۲ تولہ۔ آرد ماش ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک دودھ سے کھلائیں۔

سفوف

باہ کو طاقت دیتا ہے۔ ھو: خولنجان ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ زوفائے یابس ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک بھیڑ کے دودھ کے ہمراہ کھلاویں۔

سفوف

مقوی باہ ہے۔ ھو: ثعلب مصری ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۱ ماشہ سفوف بناکر ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف

مقوی باہ = ھو مصطگی رومی ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ شقاقل مصری ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ بہمن سفید ۳ ماشہ بہمن سرخ ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ مصری ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا کر تین ماشہ سے سات ماشہ تک دودھ کے ہمراہ نوش کریں جس میں دو تین چھوہارے ڈالکر جوش دے گئے ہوں

سفوف

رقت منی اور سرعت انزال کو اچھا کرتا ہے ھو = ست گلو ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ ماشہ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ صمغ ڈھاک ۲ تولہ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ نبات ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا کر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف

جریان۔ رقت۔ سرعت کو آرام کرتا ہے ھو = سنگھاڑہ خشک ۶ ماشہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔ تالمکھانہ ۴ ماشہ۔ بسباسہ ۴ ماشہ۔ خصیۃ الثعلب ۴ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ نبات سفید ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ۵ ماشہ سے ۷ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف

عورتوں اور مردوں کے جریان منی کو آرام کرتا ہے ھو = اصل السوس مقشر ۶ ماشہ تخم کاہو ۱۰ ماشہ۔ تخم سداب ۱۶ ماشہ۔ گلسرخ ۱۶ ماشہ۔ گلنار فارسی ۴ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک پانی سے کھلائیں۔

سفوف

امساک پیدا کرتا ہے۔ ص = اسپند سوختنی ا۔تولہ۔ کلونجی ا۔تولہ۔ اجوائن خراسانی ا۔تولہ
افیون ا۔تولہ۔ کافور ا۔تولہ۔ سب کو کوٹ پیکر سفوف بنا کر ا۔ ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھلائیں

شیاف

امساک پیدا کرتا ہے۔ ص = کافور۔ زیرہ گل کتانی ہموزن لیکر کھرل کریں
شہد کے ہمراہ بتیاں بنا کر خشک کر لیں۔ ضرورت کے وقت ایک بتی پیشاب کے
سوراخ میں داخل کر کے مشغول جماع ہوں۔

ضماد

مقوی باہ ہے۔ اعضا تناسل کو مضبوط اور کس وپیش کو برابر کرتا ہے۔
درازی اور فربہی پیدا کرتا ہے۔ ص = برادہ دندان فیل ۲ تولہ۔ دندان ماہی روہو ۲ تولہ
مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ انبہ ہلدی ۲ تولہ۔ بیہ سانڈہ ا۔تولہ۔ خوب کھرل کر کے گرم
کر کے بقدر ضرورت عضو تناسل پر لیپ کر کے اوپر سے روئی گرم کر کے لپیٹ دیں۔

ضماد

پاؤں کے تلووں پر لیپ کرنے سے امساک کرتا ہے۔ ص = پنیر زوم۔
شیر مادہ گاؤ۔ ہموزن ملا کر تمام دن دھوپ میں رکھیں رات کو پاؤں کے
تلووں پر لیپ کریں خشک ہونے کے دو گھڑی بعد مشغول ہوں۔

ضماد

قضیب کو موٹا کرتا ہے۔ ص = قسط ا تولہ۔ صندل ا تولہ۔ تگرا تولہ۔
بزر البنج ا تولہ۔ ثمر حنظل یکعدد۔ کوٹ پیکر گھی میں ملا کر سات روز تک لیپ کریں۔

ضماد

عضو تناسل کو فربہ کرتا اور لذت جماع پیدا کرتا ہے: ص:
پوست مین پھل ۲ تولہ۔ روغن چنبیلی ۱۰ تولہ میں پیکر چھانکر ملا کر خوب اچھی طرح بغیوں تک لیپ کریں۔

ضماد

لذت جماع پیدا کرتا ہے: ص: لونگ درخت انجیر کے دودھ میں گھسکر عضو تناسل پر لیپ کرکے مشغول جماع ہوں۔

ضماد

لذت جماع پیدا کرتا ہے: ص: خرگوش کے پتہ کے پانی میں مردار سنگ ملا کر تھوڑا سا شہد ملا کر لیپ کرکے مشغول ہوں۔

ضماد

